رسید تحائفِ احباب

مجلّہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین)

رویتِ ہلال مسئلہ اور حل

رویتِ ہلال کے موضوع پر یہ کتاب ناب خالد اعجاز مفتی صاحب نے لکھی ہے جو بزرگ قلمکار جناب ضیاء الدین لاہوری کے صاحبزادے ہیں۔ کتاب ۲۶۸ صفحات پر مشتمل ہے اور موضوع کا ہر اعتبار سے احاطہ کرتی ہے۔اس کے اہم عنوانات حسبِ ذیل ہیں۔

کیا رویت ہلال ہر شخص کے لئے ضروری ہے۔

رویت ہلال کی علاقائی وسعت اور نیا چاند

ایک شہر کی رویت کا دوسرے شہر پر اطلاق

نیا چاند کی فلکیاتی اصطلاح اور دینی اصطلاح

نئے دور میں پرانے مذہبی احکامات کی حیثیت

رویت ہلال کا پیشگی تعین

عالمی رویت ہلال کے ممکن العمل ہونے کا سوال

رویت ہلال میں دھوکہ اور شہادت

سعودی عرب کی رویت کا اعتبار

سعودی عرب میں رمضان المبارک کی رویت کا ۴۲ سالہ ریکارڈ

کتاب' دارالکتاب غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

فون نمبر 042-7235094

☆میں نے امام محمد سے بڑھ کر کوئی فصیح نہیں دیکھا (امام محمد بن ادریس شافعی)☆

ایک اور تحفہ جناب جسٹس ڈاکٹر منیر احمد مغل صاحب نے ہمیں ارسال کیا ہے اور وہ تحفظ نسواں ایکٹ مجریہ ۲۰۰۶۔ ہے۔

یہ کتاب اس فوجداری ایکٹ پر مشتمل ہے جو حدود آرڈیننس کے متبادل پیش کیا گیا اور جسے فوجداری قوانین ترمیمی ایکٹ ۲۰۰۶۔ ایکٹ نمبر **vI** مجریہ ۲۰۰۶ کا نام دیا گیا ہے۔

کتاب کا نام **Protection of Women** رکھا گیا ہے۔ جناب جسٹس منیر احمد مغل صاحب پہلے بھی قانون و شریعت کے حوالہ سے بہت کچھ لکھ چکے ہیں اور یہ ان کی ایک نئی کاوش ہے۔

کتاب غالباً ہمارے مخدوم و محترم ڈاکٹر منیب الرحمٰن ہزاروی صاحب کے نام سے موسوم، منیب بک ہاؤس، ٹرنر روڈ لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

ایک اور تحفہ ہمیں مدنی بھائیوں نے ارسال کیا ہے اور وہ خاصا علمی ہے یعنی جد الممتار علی رد المحتار۔ امام احمد رضا کے رد المحتار پر حواشی کی یہ پہلی جلد ہے اور مکتبۃ المدینہ کراچی سے عربی زبان میں شائع ہوئی ہے۔

کتاب مدنی مدنی اور معطر معطر ہے۔ کیونکہ اس پر تحقیقی کام مدنی ماحول میں فیضان مدینہ میں ہوا ہے۔ اس کی باقی جلدوں پر بھی کام ہو رہا ہے۔ ہم انشاء اللہ اس پر ایک مفصل مضمون رقم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ مدنی بھائیوں نے اس کتاب کے علاوہ بھی بہت سے چھوٹے چھوٹے کتابچوں کا ایک گلدستہ عنایت کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان گلوں کے رنگ و بو سے قارئین کے مشام جاں معطر فرمائے۔

ایک اور بھاری بھرکم تحفہ حضرت علامہ مفتی سید شاہ حسین گردیزی صاحب نے

الذنب فی القرآن ۔ نامی کتاب کا ہمیں عنایت کیا ہے۔

۸۳۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب آیت مبارکہ **لیغفرلک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر** کی تفسیر میں ایک علمی و تحقیقی بحث کو سمیٹے ہوئے ہے۔

مجلہ فقہ اسلامی میں علامہ مفتی سید شاہ حسین گردیزی کی جانب سے ایک وقیع علمی مقالہ مغفرت ذنب

کے موضوع پر شائع ہوا تھا جس پر کراچی کے بعض علماء نے مقالہ لکھنے والے'مقالہ شائع کرنے والے اور مقالہ کی تائید کرنے والوں پر کفر کا فتوی لگایا تھا۔اور انہیں کافر قرار دیا تھا۔

اس مقالہ کے جن مندرجات پر اعتراض ہوا ان کے مدلل جوابات علامہ گردیزی صاحب نے مرتب کر کے اصل مضمون کے ساتھ کتابی صورت میں شائع کر دئے ہیں۔اور اس کا نام الذنب فی القرآن رکھا ہے۔کتاب پر مفصل تبصرہ کسی دوسری نشست میں ہوگا۔فی الحال تو ہمیں شکریہ ادا کرنا ہے کہ قبلہ شاہ صاحب نے ہمیں کتاب عنایت کی۔مغفرت ذنب نمبر تو نحیف ونزار تھا مگر کتاب مغفرت ذنب نمبر سے تین گنا سے بھی زیادہ ضخیم ہے اس لئے توقع کی جاتی ہے کہ اب کی بار کفر کا فتوی بھی پہلے سے کئی گنا لحیم شحیم آئے گا۔کتاب کی جلد عمدہ کاغذ نفیس اور کتابت وطباعت معیاری ہے۔مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے چیرمین مولانا منیب الرحمٰن صاحب کے ایک شاگرد رشید ' دار العلوم نعیمیہ کے ایک سابق طالب علم اور جامعہ کراچی کے استاذ مولانا پروفیسر محمد کامران قریشی صاحب اس کتاب کے ناشر ہیں۔باقی سب خیریت ہے۔

حضرت علامہ مفتی محمد جلال الدین قادری کی کتاب

احکام القرآن

کی

پانچویں جلد شائع ہوگئی

﴿سورہ یوسف سے سورہ الکہف تک﴾

نہایت عرق ریزی سے مرتب کردہ اردو زبان میں اپنی نوعیت کی منفرد کاوش' جس سے اردو داں طبقہ بآسانی استفادہ کرسکتا ہے۔طلبہ علوم اسلامیہ وعلماء کرام کے لئے یکساں کارآمد۔حوالہ جات سے مزین تحقیقی انسائیکلو پیڈیا۔

☆☆☆

شائع کردہ: ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور کراچی